رات کو تراویح میں تلاوت کیا جانا ہو اگر اس پارے کی مختصر تشریح اس کتاب سے پڑھ لی جائے تو تراویح میں قرآن کا سننا زیادہ مؤثر ہو جائے گا۔

اس مفید کتاب کی اشاعت پر صفہ پبلشرز مبارک باد کے مستحق ہیں۔

## (۲)

نام کتاب : شاہِ کونین ﷺ کی شہزادیاں

مصنف : مولانا محمد عبدالمعبود

ضخامت : 492 صفحات ۔ قیمت: درج نہیں

ملنے کا پتہ: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابو ہریرہ، برانچ پوسٹ آفس خالق آباد، نوشہرہ، سرحد

: مکتبہ سید احمد شہید، الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور

مولانا محمد عبدالمعبود بزرگ عالم دین، محقق اور صاحبِ طرز ادیب ہیں۔ وہ کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ اُن کی کتابیں جامع اور مستند معلومات فراہم کرتی ہیں جو مصنف کی علم دوستی اور دیانت پر دال ہیں۔ ''شاہِ کونین کی شہزادیاں'' اُن کی تازہ تصنیف ہے جس میں انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی چاروں صاحبزادیوں حضرت زینب، حضرت رقیہ، حضرت اُمّ کلثوم اور حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہن کے حالاتِ زندگی بڑی تحقیق کے ساتھ قلمبند کیے ہیں۔ اس کتاب میں سب سے پہلے اس مہیب غلط فہمی کا نص قرآنی اور معتبر کتب تاریخ کے حوالوں سے انتہائی خوبی کے ساتھ ردّ کیا گیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی صرف ایک بیٹی تھی اور باقی تینوں حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی بیٹیاں پہلے خاوندوں سے تھیں۔ کوئی انصاف پسند مولانا کے دلائل پڑھ کر اس باطل عقیدہ پر قائم نہیں رہ سکے گا۔

کتاب کے آغاز میں چاروں بیٹیوں کی والدہ ماجدہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کا شایانِ شان تذکرہ ہے کہ وہ مکہ کی مالدار خاتون تھیں جو بے حد سمجھ دار، سلیقہ شعار اور باوفا تھیں۔ رسول اللہ ﷺ ان کی تعریف فرماتے تھے۔ یہی وہ پاکیزہ ہستی ہیں جن کی گود میں بنات النبیؐ نے پرورش پائی۔

سب سے پہلے حضرت زینب رضی اللہ عنہا کا ذکر ہے جن کا نکاح ابوالعاص سے ہوا۔ ان کی بیٹی امامہ تھی جس کو رسول اللہ ﷺ بہت چاہتے تھے۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے انتقال کے بعد اُن کی وصیت کے مطابق حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُن سے نکاح کیا، مگر کوئی اولاد نہ ہوئی۔ اس کے علاوہ